ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

19-09-2021

بہاولپور()ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر اتوار کے روز چرچز پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات، بھاری تعداد میں ڈیوٹی پر پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے،سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے چرچز کے سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر ماموور افسران کو چیک کیا،سیکیورٹی ڈیوٹی کے دوران سستی ولاپرواہی نا برتی جائے، ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنزل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنزل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی سربراہی میں ضلعی پولیس کی طرف سے اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ بھاری تعداد میں پولیس افسران واہلکاران نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے،سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے ڈی پی او کے سیکیورٹی سے متعلق احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر ماموور افسران واہلکاروں کو چیک اور بریف کیا۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا، اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جاری عالمی وباءکورونا وائرس کے پیش نظر ڈیوٹی سرانجام دیں اور عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے۔نیشنل ایکشن پلان کے تحت اور موجودہ علاقائی صورت حال میں ہمارا فرض بہت اہم ہے،سیکیورٹی ڈیوٹی کے دوران سستی ولاپرواہی نہ برتی جائے،ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: اقلیتی عبادت گاہوں پر پولیس افسران ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے،

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

19-09-2021

بہاول پور( )پولیس کی بھکاریوں، منشیات فروشوں اورغیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری، متعدد گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد، مقدمات درج، پروفیشنل بھکاریوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں تا کہ معاشرتی امن کو برقرار رکھا جا سکے، ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر بہاول پور پولیس پروفیشنل بھکاریوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے، متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا، تھانہ سول لائنز اور سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے پروفیشنل بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان، محمد فاروق، محمد جاوید اور محمد فاروق کو بھکاری ایکٹ کے تحت گرفتار کر لیا، تھانہ صدر احمد پور شرقیہ اور اوچ شریف نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان عبدالستار اور محمد اسماعیل کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 75 لیٹر شراب برآمد کر لی، تھانہ سٹی یزمان پولیس نے منشیات فروش ملزم فیاض احمد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1240 گرام چرس برآمد کر لی، تھانہ سول لائنز پولیس نے مجرم اشتہاری کو پناہ اور فرار ہونے میں مدد دینے پر ملزم زاہد فاروق کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے ملزم سبحان شاہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے غیر قانونی اسلحہ پسٹل 30 بور برآمد کر لیا، متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، پروفیشنل بھکاریوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں تا کہ معاشرتی امن کو برقرار رکھا جا سکے، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ایس ایچ اوز کو ایسے عناصر کے خلاف بھرپور آپریشن کرنے کی ہدایات کے دوران کیا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مختلف مقامات پر کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، مقدمات درج۔